روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 15 مئی 2009ء 19 جمادی الاول 1430 ہجری 15 ہجرت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 107

آنکھوں کی عبادت

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اپنی آنکھوں سے بھی عبادت میں حصہ لیا کرو۔ صحابہ نے پوچھا یہ کیسے ہو تو آپؐ نے فرمایا آنکھوں سے قرآن کو دیکھنا اس میں غور و فکر کرنا اور اس کے عجائبات کو سمجھنا۔

(العظمۃ جلد 1 ص 226 حدیث نمبر 12)

ارشادات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

تلاوت قرآن علمی معیار کے بڑھانے کی ضامن ہے

سفارشات شوریٰ 2009ء میں یہ طے پایا ہے کہ احباب جماعت کا علمی معیار بلند کرنے کے لئے قرآن مجید ناظرہ پڑھنا۔ ترجمہ سے پڑھنا اور باقاعدہ تلاوت قرآن کریم کرنا بہت ضروری ہے۔

خلفائے کرام کے ارشادات کو اگر ملحوظ رکھا جائے تو وہ علمی معیار بڑھانے کے ضامن ہیں۔ مثلاً ہر بالغ احمدی قرآن کریم ناظرہ جانتا ہو۔ پھر ہر احمدی قرآن کریم کا ترجمہ جانتا ہو۔ اگر جماعت اس ٹارگٹ کے حصول کے لئے کوشش کرے تو یقیناً علمی معیار بلند ہوگا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ طلباء فضل عمر درس القرآن کلاس کے نام اپنے پیغام محررہ 30 جون 2007ء میں فرماتے ہیں:

”اللہ تعالیٰ نے ہم پر یہ بڑا بھاری احسان فرمایا ہے کہ ہمیں ایک نہایت مبارک اور پُر حکمت کتاب قرآن شریف عطا فرمائی ہے۔ اور اس کی تلاوت اور اسکی تعلیمات پر عمل کرنے والوں کو عظیم الشان برکتیں عطا ہونے کی خوشخبری دی ہے۔ چنانچہ قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے کو رشک بھری نگاہوں سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے ہوئے فرماتے ہیں۔

”دو آدمیوں پر رشک کرنا چاہیے، ایک وہ جسے خدا قرآن کریم سکھائے اور وہ دن کے اوقات میں بھی اور رات کو بھی اس کی تلاوت کرے، یہاں تک کہ اس کا ہمسایہ بھی اس سے متاثر ہو کر کہے کہ اے کاش! مجھے بھی اسی طرح قرآن آتا اور میں بھی ایسے ہی عمل کرتا“

پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

”جس شخص نے قرآن پڑھا اور اس پر عمل کیا تو اس کے ماں باپ کو قیامت کے روز دو تاج پہنائے جائیں گے۔ جن کی روشنی سورج کی چمک سے بھی زیادہ ہوگی“

ایک اور روایت میں آتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”قرآن پڑھا کرو یہ قیامت کے روز اپنے پڑھنے والوں کی شفاعت کرے گا۔“

(الفضل 21 جولائی 2007ء)

(مرسلہ: ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء)

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی ثناء میں داخلہ برائے سال 2009ء کیلئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 30 جولائی ہے۔

داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ داخلہ کے لئے درخواست سادہ کاغذ پر بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ بھجوائیں۔

1۔ نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہو تو)
2۔ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی
3۔ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی
4۔ درخواست پر صدر صاحب/امیر جماعت کی تصدیق لازمی ہے۔

اہلیت

الف۔ امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ 31/جولائی 2009ء تک اس کی عمر بارہ سال سے زائد نہ ہو۔
ب۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔
ج۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔
د۔ امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق و دلچسپی ضروری ہے تمام درخواستیں نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں جمع کروائیں۔

انٹرویو/ٹیسٹ 10,9/اگست صبح ساڑھے سات بجے ادارہ میں ہوگا۔ انٹرویو کے لئے امیدواران کی لسٹ 6/اگست 2009ء کو نظارت تعلیم ربوہ اور مدرسۃ الحفظ طالبات میں لگائی جائے گی۔

کامیاب امیدواران کی لسٹ 12/اگست 2009ء کو صبح 9 بجے ادارہ میں لگائی جائے گی۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

ٹھیکہ جات زرعی اراضی واقع ربوہ

نظامت جائیداد صدر انجمن احمدیہ کے زیر انتظام چھنیاں نزد دارالعلوم شرقی میں صدر انجمن احمدیہ کی اراضی جس کا رقبہ تقریباً ساڑھے 3 ایکڑ ہے، کا سالانہ ٹھیکہ دینا مقصود ہے۔ خواہشمند حضرات اپنی درخواست مع پیشکش صدر صاحب محلہ کی تصدیق سے مورخہ 20 مئی 2009ء تک خاکسار کو بھجوا دیں۔ مزید تفصیلات بالمشافہ مل کر حاصل کی جا سکتی ہیں۔

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 532

حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ کی خداداد بصیرت

حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ فرمایا کرتے تھے۔

جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ابھی بچے ہی تھے اور مدرسہ تعلیم الاسلام میں تعلیم پاتے تھے اور میں بھی مدرسہ تعلیم الاسلام میں پڑھایا کرتا تھا۔ اس وقت میں نے خواب دیکھا (جس کا مفہوم یہ ہے خواب میں کشتی وغیرہ بنانے اور اس کا ناخدا بننے کا ذکر تھا) کہ آپ کی بہت بڑی شان ہوگی۔ اس وقت سے لے کر آخر تک میں جب آپ والی کلاس میں جاتا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی وہاں موجود ہوتے تو میں کرسی پر نہیں بیٹھتا تھا بلکہ کھڑا ہو کر ہی پڑھایا کرتا تھا اور اس بات کو سوء ادب خیال کرتا تھا کہ آپ کے سامنے کرسی پر بیٹھوں اور یہ خواب میں نے **حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو انہی دنوں میں سنا دیا تھا اور کہا تھا کہ صاحبزادہ صاحب! اس وقت ہمارا بھی خیال رکھنا۔**

(رفقاء احمد جلد پنجم ص 517)

خالد احمدیت حضرت مولانا ابو العطاء صاحب ارشاد فرماتے ہیں:

''حضرت مولوی صاحب کو امام ہمام سیدنا حضرت (خلیفہ ثانی) سے جو عشق و محبت تھی جو رابطۂ قلبی حاصل تھا وہ لفظوں میں بیان نہیں ہوسکتا حضور کے ہر ارشاد کی حرفی تعمیل کو آپ لازمی جانتے تھے اور یہی روح اپنے حلقہ احباب میں پیدا کرتے تھے عشق میں چون و چرا کا سوال ہی نہیں ہوتا اور یہ نظارہ حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب کی زندگی کا طغرائے امتیاز ہے سفر و حضر میں اپنے محبوب آقا کی مجلس میں شرکت اور آپ کے دلنواز کلام کا سننا آپ کا اہم ترین مقصد ہوتا تھا اور بڑھاپے کے باوجود راہ خدا میں قربانی کے لحاظ سے جوانوں سے ہر رنگ میں آگے تھے......

آہ! آج وہ بحر ذخار سکون پذیر ہوگیا اور آج وہ مقدس وجود ہماری نظروں سے اوجھل ہوگیا''۔

(رفقاء احمد جلد پنجم صفحہ 390)

حضرت مولانا نے ایک بار فرط عقیدت سے یہاں تک کہہ ڈالا۔

''اگرچہ میں حضور کو خلافت سے قبل پڑھاتا رہا ہوں لیکن منصب خلافت پر متمکن ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ پر معارف اور حقائق قرآنیہ کا ایسا دروازہ کھولا ہے کہ میرا فہم ان علوم سے قاصر تھا اور اب میں حضور کا شاگرد ہوں استاد نہیں ہوں''۔

(رفقاء احمد جلد پنجم صفحہ 403)

دربار خلافت سے خراج تحسین

مبشر احمدیت چوہدری مشتاق احمد صاحب باجوہ بی اے ایل ایل بی سابق انچارج انگلستان و سوئٹزرلینڈ مشن کا بیان فرمودہ چشمدید واقعہ

حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب کا ذکر کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں:۔

''حضرت مولوی صاحب علم کے ایک سمندر تھے۔ اس لئے عام مسائل میں آپ کو زیادہ محنت نہ کرنی پڑتی لیکن بعض اوقات ایسے مسائل درپیش ہوتے جن میں آپ حنفی مسلک سے مختلف مسلک اس بناء پر اختیار کرتے کہ خود حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اس بارہ میں ارشاد موجود ہے ایسی صورتوں میں آپ طویل تحقیق فرماتے اور مدلل بیان تحریر فرماتے۔ حضور (حضرت خلیفۃ المسیح الثانی) نے قادیان میں اپنی نیابت میں قضاء کے مرافعہ جات کی سماعت کے لئے ایک بورڈ کا تقرر فرمایا تھا جس کا صدر حضور نے حضرت مولوی شیر علی صاحب کو مقرر فرمایا تھا۔ بعض واقفین کو بھی ٹریننگ کی خاطر اس بورڈ کا رکن حضور نے مقرر کیا تھا۔ ایک دفعہ حضرت مولوی شیر علی صاحب، محترم شیخ بشیر احمد صاحب ایڈووکیٹ لاہور (سابق جج ہائی کورٹ مغربی پاکستان) اور خاکسار کے سامنے بطور بورڈ شفعہ کا ایک مقدمہ پیش ہوا۔ اس میں حضرت مولوی محمد سرور شاہ صاحب کا ایک فتویٰ پیش ہوا۔ اس میں آپ نے فقہ حنفیہ کے خلاف حدیث نبویؐ کی بناء پر یہ مسلک اختیار فرمایا تھا کہ اگر مکان تقسیم ہو جائے۔ حدود معین ہو جائیں تو ہمسایہ کے لئے محض ہمسائیگی کی بناء پر شفعہ کا کوئی حق نہیں۔ اس فتویٰ پر فریق مخالف کی طرف سے بڑی جرح کی گئی لیکن بورڈ نے اس فتویٰ کے مطابق فیصلہ صادر کیا اور پھر جب حضور کے سامنے یہ فتویٰ پیش ہوا تو حضور نے اسے اتنا پسند فرمایا کہ جماعت کے مسلک کے طور پر جلسہ سالانہ کے موقع پر اپنی تقریر میں اس کا اعلان فرمایا۔ **گویا آپ کی بطور مفتی جدید تحقیق کو سب سے بڑا خراج تحسین تھا جو امام نے پیش فرمایا۔''**

(رفقاء احمد جلد پنجم صفحہ 500)

☆☆☆

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

18 مئی 2009ء

12-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am	عربی سروس
2-35 am	گلشن وقف نو
3-00 am	خطبہ جمعہ
4-50 am	دورہ حضور انور
5-35 am	سیرت النبی ﷺ
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-10 am	تلاوت، خبریں
6-55 am	قرآن کریم کا تعارف
7-05 am	لقاء مع العرب
8-10 am	خطبہ جمعہ 15 مئی 2009ء
9-10 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-25 am	سوال وجواب سیشن
10-50 am	دورہ حضور انور
11-35 am	سیرت النبی ﷺ
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-00 pm	چلڈرن کلاس
2-00 pm	فرنچ کلاس
2-30 pm	طب وصحت
3-05 pm	فرنچ سروس
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-05 pm	خلافت جوبلی کوئیز
5-50 pm	تلاوت، خبریں
6-55 pm	بنگلہ پروگرام
8-00 pm	خطبہ جمعہ
9-10 pm	خلافت جوبلی
9-35 pm	چلڈرن کلاس
10-55 pm	فرنچ ملاقات
11-00 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں

19 مئی 2009ء

12-25 am	عربی سروس
1-15 am	لقاء مع العرب
2-25 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-00 am	طب وصحت
3-40 am	چلڈرن کلاس
4-40 am	خطبہ جمعہ
5-40 am	خلافت جوبلی کوئیز
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-25 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-15 am	فرنچ کلاس
7-40 am	لقاء مع العرب
8-50 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-05 am	خطبہ جمعہ
10-00 am	فرنچ سروس
11-10 am	طب وصحت
11-45 am	خلافت جوبلی کوئیز
12-00 pm	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
1-05 pm	گلشن وقف نو
2-15 pm	سوال وجواب
3-35 pm	انٹرویو
4-05 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	خطبہ جمعہ
6-00 pm	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
7-05 pm	بنگلہ پروگرام
8-10 pm	مجلس انصار اللہ یو۔کے کا اجتماع
9-00 pm	گلشن وقف نو
10-05 pm	سوال وجواب
11-25 pm	انٹرویو

20 مئی 2009ء

12-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am	عربی سروس
1-30 am	خطبہ جمعہ
2-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-05 am	گلشن وقف نو
4-10 am	مجلس انصار اللہ یو۔کے کا اجتماع
4-50 am	انتخاب سخن
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-10 am	تلاوت، خبریں
7-00 am	عربی سیکھئے
7-25 am	لقاء مع العرب
8-25 am	انٹرویو
8-55 am	سوال وجواب
10-10 am	انتخاب سخن
11-15 am	مجلس انصار اللہ یو۔کے کا اجتماع
12-05 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-00 pm	کلاس جامعہ احمدیہ یو۔کے حضور انور کے ساتھ
2-00 pm	مستقبل کے چیلنجز، سیمینار
2-45 pm	سوال وجواب

(باقی صفحہ 12 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

ا۔ب۔ایاز

مغربی معاشرے میں احمدی عورت کا کردار

اپنے نیک نمونہ و کردار اور دعاؤں کے ساتھ بچوں کی نیک تربیت کریں

(قسط دوم آخر)

ایک گائیڈ لائن تو ہمارے سامنے صحابیات رسول اللہ ﷺ کا نمونہ بھی ہے۔ جس سے ہم اپنی زندگیوں میں رنگ بھر کر اپنے بچوں میں صحیح دینی درس و تدریس کو جاری و ساری رکھ سکتی ہیں قربانی، حسن اخلاق، وسعت حوصلہ، سچائی، جوانمردی اور گالیاں سن کر دعا دینے والی بات اگر ہم روزمرہ کی زندگی میں اپنائیں تو وہ دن دور نہیں کہ ہم مغرب کے آسمان پر احمدیت کا سورج چڑھتے اپنی زندگیوں میں بہت جلد دیکھ سکیں۔

تربیت تو گھروں سے شروع ہوتی ہے اور اس کی ضرورت ایک عمارت کی مضبوط بنیاد کی طرح ہوتی ہے۔ باہر تو بس اگر اللہ ہی کا ساتھ ہو تو مغرب کی آزادی اور تباہی کی طرف لے جانے والی روش سے بچ سکتے ہیں۔ صبح گھر سے نماز پڑھ کر اور قرآن پاک کی تلاوت کر کے اور ترجمہ بھی سمجھ کر پڑھنے کے بعد کاموں کے لئے اور سکول و کالج اور یونیورسٹی جانے کے لئے نکلیں اور سواری میں قدم رکھنے سے قبل بسم اللہ توکلت علی اللہ پڑھ کر دن بھر کے سفر کا آغاز کریں تو اللہ تعالیٰ ضرور ہماری حفاظت فرمائے گا۔ ہماری راہ میں آنے والی رکاوٹیں اور پریشانیاں خود بخود دور ہو جائیں گی۔ مغربی ممالک میں رہتے ہوئے ہماری ذمہ داری مشرق کی نسبت کئی گنا بڑھ گئی ہے جو کام ہم مشرقی ممالک میں نہیں کرتے تھے یا کرنے ضروری ہی نہ تھے صرف مرد ہی ان کاموں کو کرنے کے ذمہ دار تھے۔ اب ہمیں ان ملکوں میں آ کر کرنے پڑ رہے ہیں سب سے پہلے تو زبان دانی ہے اس کے بغیر بھی ہم بالکل بیکار وجود ہو کر رہ جائیں گے۔ انگلش سیکھنا کچھ مشکل نہیں مفت کلاسز اور گھر بیٹھے پرائیویٹ کورسز مل جاتے ہیں۔ پھر ڈرائیونگ بھی سیکھنا ضروری ہے تا کہ خود اپنے بچوں کو سکول لے جانے لانے میں آپ کو آسانی ہو کیونکہ موسم کا بھی کوئی اعتبار نہیں ہوتا۔ پھر سکول میں روزانہ دوسرے بچوں کی ماؤں کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہوئے کبھی اپنے گھر پر کافی کے لئے بلا لیں اس سے اچھا دینی ماحول پیدا کر سکتی ہیں۔ کافی کے ساتھ گھر میں بنائی ہوئی کچھ ہمارے ملک کی میٹھی یا نمکین کھانے کی چیز پیش کر دیں اور اگلی ملاقات میں اس کے بنانے کا طریقہ سکھانے کا پروگرام بنا لیں یہ ملک ان چیزوں کی بہت قدر کرتے ہیں اور لوگ بھی بہت اچھے ہیں قدردان ہیں۔ آپ ان محترمات کو واپسی پر اپنی کار میں لفٹ دے کر اپنے اچھے کردار، اچھے اخلاق کا اعلیٰ نمونہ پیش کر سکتی ہیں۔ مذہبی بحثوں میں ہرگز نہ پڑیں حتی الوسع اجتناب کریں اپنا نمونہ ہی کافی ہوتا ہے ہمیں تو ایک رول ماڈل ادا کرنا ہے مغربی ممالک میں رہ کر لوگ پوچھیں کہ مومن تو ہم نے بہت دیکھے ہیں مگر تم کون سے مومن قبیلہ سے ہو تو جواب تو خود بخود ہی ان کو مل جائے کہ ہم احمدی ہیں یہی وہ کردار ہے جس کے لئے ہمیں اپنے کردار کو ایک شیشے کی طرح صاف اور نمایاں کرنا ہے۔ اپنے بچوں میں اس کا عکس اتارتی جائیں اور پھر دیکھیں کتنے میٹھے پھل آپ کو ملیں گے۔ آپ کے بچے بھی اپنے دوستوں اور کلاس فیلوز کو گھر پر مدعو کرنا شروع کر دیں گے اور خود بخود MTA آن کر کے کوئی تربیتی ویڈیو لگا چھوڑیں گے کہنے کی کوئی ضرورت ہی نہ ہوگی نہ زبان کا مسئلہ ہوگا اور نہ بحث و مباحثہ کا، یہ ایک مقناطیسی چینل بن گیا ہے۔ اس میں ایسی کشش اور لگاؤ ہے اور ایسی دلچسپی موجود ہے کہ کوئی بور ہونے کا نام نہیں لے گا آپ یہ نسخہ بھی آزما کر دیکھیں سوال و جوابات دیکھیں گے خطبات جمعہ اور درس و تدریس کے پروگرام تو ہر احمدی گھرانے میں لگے ہی رہتے ہیں یہ بھی مہمانوں کی دلچسپی کا باعث ہوگا کبھی جلسہ سالانہ، اجتماعات اور عیدین کے علاوہ تربیتی کلاسز میں اپنے ساتھ بیت یا ہال میں لے آئیں آپ کی سہیلیاں عید ملن پارٹی بھی خوب Enjoy کریں گی اور مذہب میں بھی دلچسپی لینے لگیں گی۔

ان ملکوں میں مذہبی امور کے بارہ میں بڑی بے چینی، Stress اور بے رخی حد درجہ نظر آتی ہے کوئی پیار کرنے والا، پیار سے بات کرنے والا اور سننے والا مل جائے تو بہت سراہتے ہیں ہمارے دروازوں پر یہاں دعوت الی اللہ والے آتے ہیں اگر ہم ان کی باتوں میں اور کتابوں میں دلچسپی لیتے ہیں تو یہ لوگ دوبارہ بھی ضرور آتے ہیں لیکن کبھی اپنی مصروفیت کی وجہ سے معذرت بھی کر دیں تو ذرا برا نہیں مانتے Thank you کہہ کر لوٹ جاتے ہیں اور دوبارہ دوسرے ہفتہ چلے آتے ہیں یہ طریق بہت اچھا ہے۔ اسی طرح مغربی ممالک میں رہنے والی احمدی عورتیں اپنے ملکی روزانہ اخباروں میں خط لکھیں۔ مشن ہاؤس کا رابطہ کرائیں۔ فون و فیکس نمبر دیں ای میل دیں پھر دیکھیں کیا تبدیلی آتی ہے آپ کی زندگی میں، آپ سب دنیا کے جھنجھٹوں سے ہٹ کر صرف اور صرف اس دینی میدان میں نکل کھڑی ہوں گی یہاں تو مذہبی آزادی ہے اس سے ہمیں کماحقہٗ فائدہ اٹھانا چاہئے۔ میرا تجربہ ہے کہ ان مغربی ممالک میں یہ لوگ عورت کی بات زیادہ سنتے اور اس پر غور بھی کرتے ہیں۔ آخر حضرت مسیح موعود کا الہام سفید پرندوں کا احمدیت میں شامل ہونے والا بھی تو پورا ہو رہا ہے اور مزید ہوگا۔ اطمینان قلب بہت بڑی نعمت ہے اگر ہم اپنے اردگرد دیکھیں تو آجکل اکثر لوگ پریشان اور اداس نظر آتے ہیں ہر ایک کے گھر کی مختلف صورتحال ہوگی مگر ایک صورت جو منظر عام پر آ رہی ہے وہ ہے کہ بچوں کے رشتوں کا مسئلہ ایک عالمی بحران بن کر رہ گیا ہے۔ مخلوط تعلیم کو بھی آپ ایک عمر تک ہی اپنے بچوں کے لئے منتخب کر سکتی ہیں آخر مل جل کر پڑھنا مردوں کے شانہ بشانہ کام بھی کرنا پڑتا ہے اور بعض پروفیشن بھی ایسے ہوتے ہیں جن میں آپ کو مردوں کے ساتھ ہی واسطہ پڑتا ہے۔ مثلاً ایک ڈاکٹر ہے اس کے لئے بھی پردہ کی رعایت کے اندر ہر طرح اجازت دین حق نے دے رکھی ہے دوسری طرف دعوت الی اللہ کے لئے بھی زیادہ مواقع میسر آتے ہیں اس لئے اعلیٰ تعلیم بھی ایک احمدی عورت کا امتیازی نشان بن گیا ہے اس کی کئی مثالیں ہیں بلکہ اکثر مومن عورتیں لیڈی ڈاکٹر کے پاس ہی رجسٹرڈ ہونا پسند کرتی ہیں ہم نے تو سچائی کی تعلیم کا پرچار کرنا ہے ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' یہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا بتایا ہوا ماٹو بہترین کردار ادا کرنے میں ممد و معاون ہے۔ یہاں کے بچوں کی طرح ہمارے بچے یہ کبھی نہیں کہیں گے کہ تم ایسے ہو یا ویسے۔ Mind your own business۔ ہم نے تو اپنے بچوں کو صحیح تربیت کر کے یہ سکھانا ہے کہ آؤ مل کر بیٹھیں، مل کر کھائیں پیار و محبت اور اتفاق سے بڑھ کر دلی سکون دینے والی اور کوئی چیز نہیں۔

پھر جھوٹ ایک ایسی بیماری ہے کہ اگر اسی سے ہم اپنے بچوں کو بچائیں اور ان کو ایک سچا احمدی دیانتدار اور امانتدار احمدی بنا لیں تو ہمارے ماں بننے کا حق ادا ہو گیا۔ آخر جنت کا وعدہ بھی ایسی ہی ماؤں کے قدموں تلے ہونے کی خوشخبری ہے۔ جھوٹ سے بچنے کا ایک نہایت ہی پیارا اور آسان واقعہ اکثر لوگ جانتے ہوں گے کہ ایک شخص رسول کریمؐ کے پاس آیا اور کہا حضور! میں بہت ہی برا انسان ہوں بہت گناہ کرتا ہوں کیا میں بھی ایک اچھا انسان بن سکتا ہوں، آپؐ مجھے بتائیں کہ میں کیا کروں میرے میں بہت بری عادتیں ہیں۔ آپؐ نے یہ سن کر فرمایا کہ تم صرف ایک وعدہ کرو کہ تم مجھ سے جھوٹ نہیں بولو گے۔ یہ وعدہ بھی سچ پر ہی قائم ہونے کا تھا مگر تھا بڑا مشکل اس شخص کے لئے جو دن رات اس کا عادی ہو مگر نیکی کی طرف راہنمائی کرنے والا بھی تو ہادی کامل اور فضل و اکرم پیارے نبی کریم ﷺ ہی تھے نا۔ رات ہوئی اس شخص کو چوری کا خیال آیا عادت جو تھی مگر ساتھ ہی یہ خیال بھی آیا کہ اگر چوری کی اور کل جب رسول خدا مجھ سے پوچھیں گے کہ چوری تو نہیں کی تو اگر میں نے کہا کہ نہیں کی تو میں جھوٹ کا مرتکب ہوں گا اور میں نے تو جھوٹ چھوڑنے اور سچ بولنے کا وعدہ کیا ہے اس خیال کے آتے ہی اس شخص نے چوری کا ارادہ ترک کر دیا اس طرح شراب کا عادی تھا پینے کو دل چاہا تو اس خیال سے رک گیا کہ وعدہ خلافی ہوگی میں نے تو جھوٹ چھوڑنے کا ارادہ کیا ہے اس طرح کرتے کرتے ہر بری عادت نماز چھوڑنا، گالیاں دینا والدین کی نافرمانی سے باز رہا۔ بیوی بچوں سے اچھا سلوک کرنے لگ گیا اور مخلوق خدا کی خدمت کا جذبہ دل میں پیدا ہونے لگا گویا ایک برائی چھوڑنے سے جو جھوٹ کی قبیح ترین عادت تھی، ایک اچھا نیک انسان بن گیا۔

جلسہ سالانہ 1988ء میں قادیان کے جلسہ گاہ میں ایک پوسٹر جو مجھے بہت ہی پسند آیا وہ یہ تھا ''سچے احمدی کی ماں'' ہمیں سچ بولنا اور سچے کہلانا اپنا ماٹو بنا لینا چاہئے ایسے بچے ملک و قوم کے لئے قابل فخر ہوتے ہیں۔ امین اور صدیق کہلانے والے بھی ایک نیک ماں کے بچے ہمارے آقا و مولا فخر موجودات ﷺ تھے۔ سچا احمدی اچھی ماں کی عکاسی کرتا ہے ایک قاتل نے اپنی سزائے موت سے قبل اپنی آخری خواہش کی فرمائش کی جو اس نے کہا کہ میری ماں کو مجھ سے ملوایا جائے جب ماں آئی اس قاتل نے اپنی ماں کو گلے لگاتے ہوئے اپنی ماں کا کان کاٹ کھایا اور وہ تڑپتی ہوئی گر گئی لوگوں نے پوچھا کہ تم نے ایسا کیوں کیا تو کہنے لگا کہ اس سزا کی قصوروار میری ماں ہے جس نے مجھے ایسے ظالم کھیل کھیلنے سے کبھی نہ روکا تھا سو! اے احمدی ماؤں یہ ہمارا ہی فرض ہے کہ مشرق میں ہوں یا مغرب میں اچھے ہونہار، نیک نونہال پالیں جو کہیں بھی جائیں اچھی تربیت اچھی عادتیں اپنے ساتھ لے کر جائیں اور ایسی تربیت اگر کوئی کر سکتی ہے تو صرف اور صرف ایک عورت ہی اپنے دودھ کے ساتھ اپنے بچوں کو گھول کر ان کی گھٹی میں بھر دیتی ہے عورت جب خود اپنے حقوق و فرائض کی علمبردار اور ان کو احسن وجود بنا کر معاشرے کے سامنے آتی ہے تو معاشرہ اس کے آگے سر جھکا دیتا ہے اے احمدی عورت! تیرا مقام دنیا کی تمام عورتوں سے بالاتر ہے تو نے اس زمانے کے مسیح و مہدی کو مانا ہے اور اس کے خلفاء کی اطاعت صدق دل سے کرنا جانتی ہے۔ اے عظیم احمدی عورت! اپنا اعلیٰ کردار اور نیک نمونہ دنیا کو دکھا اپنے اخلاص و وفا اور قربانیوں کی روایات کو قائم رکھتے ہوئے قدم آگے بڑھا۔ دعاؤں سے اور اپنے عہدنامے کو یاد رکھتے ہوئے کہ جان و مال، وقت اور اولاد کو قربان کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہوں گی، عملی جامہ پہنائیں۔ خلیفۂ وقت کی خدمت میں ہر چیز پیش کریں اور ہمہ وقت دعاؤں سے مدد کریں اور یہ نئی نسل کی تربیت ایسی اچھی کریں کہ ہماری نسلیں اپنے کندھوں پر پڑنے والی ذمہ داری کو احسن رنگ میں ادا کرنے والی ہوں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''ہم کیونکر خدا کو راضی کریں اور وہ کیونکر ہمارے ساتھ ہو، اس نے مجھے بار بار یہی جواب دیا کہ تقویٰ سے سوائے میرے پیارے بھائیو کوشش کرو تا متقی بن جاؤ بغیر عمل کے سب باتیں ہیچ ہیں اور بغیر اخلاص کے کوئی عمل مقبول نہیں سو تقویٰ یہی ہے کہ ان تمام نقصانوں سے بچ کر خدا تعالیٰ کی طرف قدم اٹھاؤ اور

پرہیزگاری کی باریک راہوں کی رعایت رکھو‘‘۔

وہ راہیں کیا ہیں؟ حضرت اقدس مسیح موعود خود ازالۂ اوہام میں ہماری راہنمائی فرماتے ہیں:۔

(1) ’’سب سے اول اپنے دلوں میں انکساری، صفائی اور اخلاص پیدا کرو اور سچ مچ دلوں کے حلیم اور سلیم اور غریب بن جاؤ کہ ہر ایک خیر اور شر کا بیج پہلے دل میں پیدا ہوتا ہے اگر تیرا دل شر سے خالی ہے تو تیری زبان بھی شر سے خالی ہوگی......سو اپنے دلوں کوٹٹولتے رہو اور مخفی عادات اور مخفی جذبات اور مخفی ملکات کو اپنی نظر کے سامنے پھیرتے رہو اور جس خیال اور عادت کو ردی پاؤ اسے کاٹ کر باہر پھینکو‘‘۔

(2) اس مقصد کے حصول کے لئے دوسرے نمبر پر حضرت مسیح موعود نے دعا کے ذریعہ ہمت اور طاقت اور قوت حاصل کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ آپ فرماتے ہیں:۔

’’پھر اس کے بعد کوشش کرو اور نیز خداتعالیٰ سے قوت اور ہمت مانگو کہ تمہارے دلوں کے ارادے، پاک ارادے اور پاک خیالات اور پاک جذبات اور پاک خواہش تمہارے اعضاء اور قویٰ کے ذریعہ سے ظہور پذیر اور تکمیل پذیر ہوں تا تمہاری نیکیاں کمال تک پہنچیں‘‘۔

(3) پھر تیسری راہ آپ یوں بیان فرماتے ہیں:۔

’’خدا بڑی دولت ہے اسے پانے کے لئے مصیبتوں کے لئے تیار ہو جاؤ، نماز پڑھو کہ وہ تمام سعادتوں کی کنجی ہے‘‘۔

(4) چوتھا راستہ اس مقصد کے حصول کا آپ نے یوں بیان فرمایا کہ

سچائی اختیار کرو، وہ دیکھ رہا ہے کہ تمہارے دل کیسے ہیں، ناانصافی پر ضد کر کے سچائی کا خون نہ کرو۔ حق کو قبول کرلو‘‘۔

پھر فرماتے ہیں:۔

’’باہم بخل اور کینہ اور حسد اور بغض اور بے مہری چھوڑ دو اور ایک ہو جاؤ۔ قرآن کریم کے بڑے حکم دو ہی ہیں ایک توحید و محبت، اطاعت باری دوسرے ہمدردی اپنے بھائیوں اور بنی نوع کی‘‘۔ (ازالہ اوہام)

اللہ اللہ! کتنی پیاری تعلیم ہے ہمیں چاہئے کہ حضرت مسیح موعود نے رضائے الٰہی حاصل کرنے کی جو راہیں بیان فرمائی ہیں ان پر خود بھی عمل کریں اور اپنی آئندہ نسل کی تربیت بھی اس نہج پر کریں کیونکہ اگلی نسل کی بہت بھاری ذمہ داری احمدی ماؤں پر ہے خدا کرے کہ ہم اس ذمہ داری کو ادا کر کے سرخرو ہوں۔ آمین

مضمون کو ختم کرنے سے پہلے میں ایک مفید اور موذی ایجاد کا ذکر اور فکر کرتے ہوئے کچھ لکھوں گی۔ یہ ایجاد جہاں بے حد آرام اور سہولتیں مہیا کرتی ہے آسانیاں پیدا ہوگئی ہیں وہاں بہت حد تک زہریلی بھی ہے مگر افادیت کے لحاظ سے نعمت غیر مترقبہ بھی ہے اور اب تو یوں لگتا ہے کہ اس مغربی کیا مشرقی دنیا میں بھی اس کے بغیر گزارا ہی ناممکن ہے۔ کمپیوٹر کی ایجاد سے جو سارے کام آسان ہوئے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں مگر اب انٹرنیٹ نے جو شہرت اور دھوم مچا رکھی ہے اس سے مغرب میں تو ایک وبا کی صورت سے کم نہیں کہ ہر چھوٹے سے چھوٹا بچہ اس کے ناجائز استعمال کی وجہ سے وہ کچھ دیکھ اور سیکھ رہا ہے جو ہماری تعلیم و تربیت کے بالکل برعکس نمونہ پیش کرتا ہے۔ اس سے بیشمار فائدے اور سہولتیں ملی ہیں۔ زندگی کے ہر شعبہ میں آسانیاں پیدا ہوگئی ہیں۔ وقت کی بچت اور گھر سے باہر جانے کی زحمت بھی نہیں کرنا پڑتی اور دنیا کے کونے کونے تک پیغام۔ خط، فیکس سے اور چند منٹوں میں E-Mail سے پوری کی پوری فائل یا کتاب بھجوا سکتی ہیں۔ کیا کیا سہولتیں ہیں جو خدا نے ہمیں مہیا فرما دی ہیں۔ اب ہمارا اپنا کردار ہی ہے جو ان سے کماحقہ فائدہ اٹھائے یا ان کے برے اور غلط استعمال سے غرق ہو جائے۔ بچوں کو یہ مثال دے کر سمجھائیں کہ دیکھو موم بتی بوقت ضرورت گھر کو اندھیرے سے روشنی میں بدل دیتی ہے مگر اس کو ہاتھ میں پکڑ کر بیٹھے رہنے سے سارا گھر اور آپ خود بھی آگ کی لپیٹ میں آسکتے ہو تو گویا آپ کی بات بڑی وزنی ہوگی بچہ سمجھ جائے گا آجکل دیکھنے میں آرہا ہے کہ 5 یا 6 سال تک کے بچے انٹرنیٹ پر بیٹھے کھیل تماشا اور گانے سن رہے ہیں اور کبھی Chat کر رہے ہیں۔ آخر ایسا کیوں ہو رہا کہ ہم بچوں کی تربیت کی نگرانی پوری طرح سے نہیں کر رہے اپنی نظروں کے سامنے ان کو سکھائیں کہ بچے اس سے فلاں ملک کی معلومات تو پتہ کرو کہ وہاں موسم کیسا ہوگا، وہاں کے لوگ کیا خوراک کھاتے ہیں اور لباس کیسا پہنتے ہیں کسی اچھے ہوٹل کے بارہ میں بھی اور اچھے سستے ٹکٹ بھی تو معلوم کر سکتے ہیں۔

ہر ایک قسم کی ہر کمپنی کی اور افراد کی بھی ویب سائٹ ہے۔ آپ جماعت کی مرکزی ویب سائٹ کو ہی لیجئے۔ ڈھیروں معلومات آپ کو گھر بیٹھے چند منٹوں میں مل جائیں گی ہمیں ان سہولیات کے لئے مہیا کرنے والوں کا بھی شکر گزار ہونا چاہئے۔ جو انسانوں کا شکر گزار نہیں وہ اللہ کا بھی شکر گزار نہیں ہوسکتا۔ اتنی بڑی سہولت کہ اگر کسی کا فون مصروف ہے تو Text Messages کر دیں۔ خاموش زبان سے آپ اپنا پیغام دوسری طرف پہنچا کر اپنا کام کر سکتی ہیں۔ مگر بات وہی کہ ہر چیز کا صحیح استعمال ہو، ناجائز اور بے موقع بے جا استعمال سے اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑی مارنے والی بات ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے بار بار اجتماعات اور خطبات میں فرمایا ہے اور جماعت کو اس قسم کی چیزوں کے غلط استعمال سے متنبہ کیا ہے۔ نہایت درد سے اور پیار سے سمجھایا ہے ہمیں چاہئے کہ ان ارشادات کو بار بار پڑھیں۔ سنیں اور عمل پیرا ہوں اور ہم غلط استعمال سے گمراہی کے گڑھے میں گرنے والے نہ ہوں ہمارا مطمح نظر تو بہت بلند اور عظیم الشان ہے ارادے بہت اونچے اور ذہن بہت پاک اور صاف رکھنے والے خاندان تیار کرنا ہے احمدی عورتوں کی پہچان ہی دوسروں سے الگ ہونی چاہئے اور علمی اور روحانی ترقی کے لئے تعلیمی معیاروں کو بھی بڑھانا ہے احمدی بچیاں اور بہنیں کسی لحاظ سے بھی علم و عرفان میں کسی سے کم نہ ہوں۔ مغربی ممالک میں ہماری ہزاروں بچیاں پہلے ہی سے ڈاکٹر، انجینئر اور بیرسٹر بن کر ملک و قوم کی خدمت کے لئے دنیا کے پسماندہ ملکوں میں وقف کے لئے بھی جاتی ہیں جہاں کے لوگ ان کا اعلیٰ کردار اور خدمت خلق کا جذبہ دیکھ کر بے اختیار کہہ اٹھتے ہیں کہ تم کون سے مومن خاندانوں سے آئی ہو بہت مختلف ہو اور نہایت اچھے پیرائے میں ان کے کام کو سراہتے اور دعائیں دیتے ہیں اے احمدی خاتون یہ تیرے لئے خوشخبری ہی تو ہے کہ تیری گود میں پلنے والے نوجوان کیا لڑکے اور کیا لڑکیاں پروان چڑھ کر احمدیت کے مضبوط ستون ہوں گے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جلسہ سالانہ کی تقریر میں فرمایا تھا کہ اگر پچاس فیصد عورتوں کی اصلاح ہو جائے تو ساری قوم کی اصلاح ہوسکتی ہے۔

کتنا بڑا اعزاز احمدی عورت کو مل رہا ہے اے احمدی عورت! مشرق میں ہو یا مغرب میں ہر قسم کے ماحول اور حالات کا مقابلہ خدا پر توکل کر کے دعائیں کر کے اور سوچ سمجھ کر صراط مستقیم پر گامزن ہو جا۔ زمانے کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ حالات بدل سکتے ہیں اور وہ دن دور نہیں کہ احمدیت کا جھنڈا ساری دنیا پر لہرائے گا اور بہت جلد وہ دن آئیں گے پس ہمیں اس کام کے لئے کمربستہ ہو کر اس میدان میں اپنی کوششیں تیز تر کرنا ہوں گی کامیابی دوراہے پر کھڑی ہے اللہ کرے کہ وہ دن ہماری زندگیوں میں ہمیں دیکھنے نصیب ہوں۔ آمین

بھوکے رہ کر

1923ء میں ہندوستان میں کارزار شدھی گرم کیا گیا۔ تو احمدی مربیان کا یہ حال تھا کہ وہ تیز چلچلاتی دھوپ میں کئی کئی میل روزانہ پیدل سفر کرتے۔ بعض اوقات کھانا تو الگ رہا پانی بھی نہیں ملتا تھا۔ اکثر اوقات کچا پکا باسی کھانا کھاتے یا بھنے ہوئے چنوں پر گزارا کرتے اور پانی پی لیتے۔ بعض اوقات صرف ستو ہی میسر آتے۔ ان کو ہدایت تھی کہ کسی کی دعوت قبول نہ کریں۔ انہیں رات کو جہاں جگہ ملتی سو جاتے دن کو سامان اٹھاتے سفر کرتے رہتے اور کسی پر کھانے کا بوجھ نہیں ڈالتے تھے۔

(تاریخ احمدیت جلد 8 ص 342)

کتاب کیسے بنی؟

کتاب کی تاریخ ہزاروں سال پرانی ہے

آج کی جس دنیا میں ہم رہتے ہیں اس میں تحریر کی بہت اہمیت ہے۔ روزانہ کروڑوں اخبارات چھپتے ہیں۔ رسائل اور جریدے شائع ہوتے ہیں اور کتابوں کی ایک بڑی تعداد ہمارے مطالعہ کیلئے موجود رہتی ہے۔ لیکن کتاب اور کتابت کی تاریخ کتنی پرانی ہے اس سے ہم میں سے اکثر ناآشنا ہیں۔

ایک محدود اندازے کے مطابق کتاب کی تاریخ قریباً 5 ہزار سال پرانی ہے لیکن اس طویل عرصے کا بہت مختصر سا حال ہمیں معلوم ہو سکا ہے۔

کتابوں کی ابتداء قریباً تین ہزار سال قبل مسیح میں مصر اور چین میں شروع ہو چکی تھی۔ کیونکہ ان دونوں ملکوں کی اس قدیم تاریخ میں ایسے ثبوت ملتے ہیں کہ مختلف استعمالات کیلئے اس وقت تحریر کا رواج تھا یہ تحریریں دفتری بھی ہیں اور ذاتی بھی۔

اُس وقت لکھنے کیلئے بعض قسم کے درختوں کی چھال اور پتے استعمال کئے جاتے تھے۔ خصوصاً Papyrus کا استعمال کیا جاتا تھا جو مصری سرکنڈا اور دریائے نیل کے اردگرد کثرت کے ساتھ پایا جاتا تھا۔ ان آبی پودوں کی چھال کو ایک دوسرے کے ساتھ رکھ کر دبایا جاتا تو قدرتی طور پر ان میں موجود گوند نما سیال انہیں باہم جڑنے میں مدد دیتا جب یہ چھالیں باہم جڑ جاتیں تو انہیں سوکھنے کیلئے چھوڑ دیا جاتا۔ خوب خشک کر کے ان پر پالش کی جاتی جس کے بعد یہ استعمال کے قابل ہو جاتی تھیں۔ ان چھالوں کو دو گول لکڑیوں پر لپیٹ لیا جاتا تھا جس کے بعد یہ کئی کئی گز طویل چھالیں آسانی سے سنبھالی جا سکتی تھیں۔ اس وقت کے رواج کے مطابق اس پر ایک ہی طرف لکھا جاتا تھا اور جوں جوں تحریر لکھی جاتی کاغذ یا یہ چھال ایک لکڑی سے دوسری لکڑی پر منتقل ہوتی چلی جاتی اس طرح پر جب پڑھنے والا اس تحریر یا کتابت کو پڑھنا چاہتا تو وہ بھی اس لمبی چھال کو ایک گول لکڑی سے دوسری پر منتقل کرتے ہوئے تمام تحریر پڑھ لیتا اور پڑھنے کے بعد واپس اسے پہلی لکڑی پر لپیٹ دیتا۔

اس طویل تحریر کے موٹے موٹے نکات لکھ کر بیرونی طور پر ایک سلپ کے ذریعے ساتھ لگا دیئے جاتے تھے جو انڈیکس کا کام کرتے تھے۔ ان گول لکڑیوں پر لپٹی ہوئی کتابوں یا تحریروں کو چمڑے کے بنے ہوئے تھیلوں میں سنبھال کر رکھا جاتا تھا جو اس زمانے میں گویا جلد کا کام کرتی تھیں۔

مصر کی یہ کتابیں جن کی ہم بات کر رہے ہیں یہ اس طرز تحریر کی نہیں ہیں جو قدیم مصر میں تصویری زبان کے طور پر پایا جاتا تھا۔ اس تصویری زبان کو Heiro glyphics کہتے ہیں جو بہت قدیم زمانے

باقی صفحہ 6 پر

مکرم پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

حضرت مولوی محمد اسماعیل صاحب ہلالپوری

رفیق حضرت مسیح موعود کا بلند علمی وروحانی مقام اور اولاد

ہمارے ننھیال میں احمدیت کی ابتدا حضرت مسیح موعود کے رفیق، اجل عالم دین، حضرت مولوی محمد اسمٰعیل ہلالپوری سے ہوئی۔ آپ نے 1908ء میں بیعت کا شرف حاصل کیا۔ آپ مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی کے خاص تلامذہ میں سے تھے۔ بزرگوں سے سنا کہ مولوی نذیر حسین دہلوی نے اپنے شاگردوں میں سے آپ کو شیخ الکل کہا۔ آپ جماعت کے ابتدائی مولوی فاضل منشی فاضل عالم دین تھے۔ حضرت مسیح موعود کی کتب تو گویا آپ کو حفظ تھیں تذکرہ کی تالیف۔ سن ہجری شمسی احمدیہ کی تدوین میں نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ تنویر ابصار۔ محامد خاتم النبیّین، درود شریف، رسالہ تبدیلی عقائد مولوی محمد علی صاحب آپ کی تصانیف میں سے ہیں۔ جامعہ احمدیہ میں تدریسی خدمات سرانجام دینے کا طویل موقعہ پایا۔ روزنامہ الفضل کے ایڈیٹر بھی مقرر ہوئے۔ اس دور کے کم علمائے سلسلہ ہیں جنہیں آپ سے تلمذ کا شرف حاصل نہ ہو۔

راقم السطور نے ایک مرتبہ حضرت صاحبزادہ میرزا بشیر احمد صاحب کی خدمت میں دعائیہ خط لکھا۔ آپ نے جواباً تحریر فرمایا کہ ''آپ میرے محسن دوست اور استاد کے نواسے ہیں۔ اس لئے طبعاً آپ سے ہمدردی ہے اور دل سے دعا نکلتی ہے'' حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی کو ایک مرتبہ خاکسار نے گول بازار میں جاتے ہوئے سرراہ سلام عرض کرنے کے ساتھ دعا کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا ''تم کیا سمجھتے ہو دعا ایک پیغام ہے (آپ نے پنجابی میں لفظ 'سنیہا' استعمال کیا تھا) جو ہم نے خدا کو دینا ہے؟ دعا تو ایک موت میں سے گزرنا ہے۔ کوئی کسی کے لئے کیوں دعا کرے؟ جس سے دعا کروانی ہو پہلے اس کے دل میں گھر پیدا کرو۔ تم میرے پیارے دوست (آپ نے پنجابی لفظ 'بیلی' استعمال کیا تھا) کے نواسے ہو۔ اس لئے میں تمہارے لئے دعا کروں گا۔''

خاکسار زندگی میں پہلی بار جب حضرت مختار احمد صاحب شاہجہانپوری سے بغرض ملاقات حاضر ہوا۔ تو آپ نے فرمایا ''تعارف ہو جانا چاہئے'' خاکسار نے عرض کیا کہ حضرت مولوی محمد اسمٰعیل صاحب کا نواسہ ہوں۔ آپ نے فرمایا ''جب ہم محمد اسمٰعیل کا نام سنتے ہیں تو چار شخص ذہن میں گھوم جاتے ہیں۔ حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب، حضرت شیخ محمد اسماعیل پانی پتی، حضرت مولوی محمد اسماعیل ہلالپوری اور مولوی محمد اسمٰعیل دیالگڑھی۔ آپ کا تعلق کون سے محمد اسمٰعیل کے ساتھ ہے؟'' خاکسار نے عرض کیا حضرت مولوی محمد اسمٰعیل ہلالپوری کے ساتھ۔ ہلالپوری لفظ کا زبان سے نکلنا تھا۔ کہ آپ بے اختیار سے ہوکر فرمانے لگے ''ارے۔ رے۔ رے.......... آپ نے ہمارا ایک مدت کا مسئلہ حل کر دیا۔ ہم ہمیشہ سوچتے تھے کہ حلال خور تو ہوا حلال پور کیا ہوا؟ تو آج یہ مسئلہ حل ہوا کہ گاؤں کا نام ہلالپور ہے۔'' خاکسار نے عرض کیا کہ اس کے ساتھ ہی تین میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں بدر ہے۔ آپ مزید خوش ہوئے کہ ہلالپور نام کو تقویت ملی۔ ''تم علامہ ہلالپوری کو مولوی کہہ رہے تھے۔ میں بھی انہیں مولوی سمجھتا تھا۔ ایک مرتبہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ہم دونوں کو فرض سونپا کہ رسالہ تبدیلی عقائد مولوی محمد علی مرتب کریں۔ ہمارے درمیان طے ہوا کہ جو کچھ بھی کرنا ہے وہ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب کریں گے۔ نظر ثانی کرتے ہوئے میں اپنا حصہ ڈالوں گا۔ بہت تھوڑے عرصہ میں مولوی صاحب نے ایک مسودہ میرے سامنے رکھ دیا۔ ہر صفحہ پر وسط میں ایک عمودی خط تھا اور ہر صفحہ کے اوپر اور نیچے دو دو افقی خطوط تھے ان خطوط کے درمیان ایک ایک سطر کا فاصلہ تھا۔ ہر صفحہ کی ابتدا اور انتہا میں مولوی محمد علی صاحب کے یہ الفاظ لکھے تھے:

''میرا پہلے بھی یہی عقیدہ تھا۔ میرا اب بھی یہی عقیدہ ہے'' اور عمودی خط کے دائیں کالم میں پہلے کا عقیدہ مع حوالہ درج تھا اور بائیں کالم میں بعد کا عقیدہ مع حوالہ اور دونوں عقیدوں میں تضاد واضح تھا۔ بھئی ہم تو دیر تک اس ترکیب پر سُر دھنتے رہے اور مولوی محمد اسمٰعیل کو علامہ محمد اسمٰعیل کہنے لگے اور بغیر کسی کانٹ چھانٹ کے اس پر اپنے تائیدی دستخط کر دئے۔''

خاکسار کو ایک مرتبہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی زیارت کا موقع ملا۔ یہ موقعہ سولہ برس کی عمر میں کوئی تیرہ چودہ برس بعد ملا تھا۔ خاکسار نے اپنے تعارف میں نانا جان کا نام لیا تو حضور انور نے ایک نظر خاکسار پر ڈالی اور فرمایا ''آپ مولوی محمد اشرف صاحب کے بیٹے ہیں؟

قادیان میں آپ کو حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب کی ہمسائیگی کا شرف حاصل تھا۔ جس کا ہمارے بزرگوں میں اکثر ذکر ہوتا رہتا۔ ایک واقعہ مجھے اپنے بچپن کا یاد ہے۔ عمر تین برس سے کم ہی ہوگی۔ حضور سے ملاقات ہوئی تو خاکسار نے عرض کیا آج کے خطبہ (جمعہ) کی آواز نہیں آئی؟'' آپ نے فرمایا ''لاؤڈ سپیکر خراب تھا'' میں نے کہا ''تو آپ نے دعا کیوں نہ کی؟'' مجھے یاد پڑتا ہے کہ حضور نے اپنے مبارک ہاتھ سے مجھے رخسار پر تھپتھپایا اور خوش ہوتے ہوئے فرمایا ''آخر مولوی محمد اسمٰعیل صاحب کا نواسہ ہے نا!'' ایک فوٹو ہمارے گھر میں آویزاں ہے جس میں حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب، حضرت مولوی عبدالرحیم درد صاحب، حضرت مولوی محمد عبداللہ سنوری صاحب، حضرت ماسٹر قادر بخش صاحب، مکرم مصلح الدین سعدی صاحب، مکرم برکت اللہ صاحب اور نانا جان کی تصاویر نمایاں ہیں۔

خاکسار نے پاکستان بننے سے قبل کے چار سال پرائمری تعلیم ہلال پور میں ہی حاصل کی۔ ہلال پور کے لوگ حضرت نانا جان اور ان کے خاندان کی غیر معمولی عزت کرتے تھے۔ ساٹھ برس پہلے کی بات ہے میری نانی جان کا ہلالپور میں انتقال ہوا۔ تو پورا گاؤں جنازے میں اُمڈ آیا۔ احمدیوں نے الگ نماز جنازہ ادا کی اور غیر احمدیوں نے الگ۔ پھر تدفین میں بھی سارے لوگ شریک ہوئے۔ ہلالپور تخت ہزارہ اور ادرحماں کے وسط میں واقع ہے۔ ہر دو مقامات پر احمدیوں کے خلاف غیر معمولی کارروائیاں ہو چکی ہیں۔ یہی عناصر میں ہلالپور میں بھی اپنا رنگ دکھاتے تھے۔ مگر یہ الٰہی تصرف ہے کہ آج بھی ہلالپور ہمارے ننھیال کے حوالے سے عجیب ایمان افروز منظر پیش کرتا ہے۔ مجھے خوب یاد ہے کہ ہلالپور میں مختلف مواقع پر بڑے بوڑھے اور بڑی بوڑھیاں بڑی حسرت سے ہمارے ننھیال کی عزت کا ذکر کرتے کہ ان کے بزرگ چلتے تو گلیوں میں کیا مسلمان اور کیا ہندو۔ کیا مرد اور کیا عورتیں سب دیواروں کے ساتھ لگ کر کھڑے ہو جاتے انہیں سلام کرتے اور ان کے آگے گزر جانے کا انتظار کرتے۔ مگر اب ان کے مذہب تبدیل کر لینے سے (احمدی ہو جانے سے) وہ بات ختم ہو گئی۔ لیکن یہ گھرانہ پھر بھی سارے گاؤں کا استاد اور مرشد گھرانہ ہے لہٰذا قابل احترام ہے۔

حضرت نانی جان کو میں نے دیکھا تو بلحاظ عمر اسّی برس سے متجاوز ہوں گی مگر معمولات وہی جوانی والے تھے۔ میں آج سوچتا ہوں تو حیران ہوتا ہوں کہ اس پیرانہ سالی میں کس طرح تقریباً سارا دن درس و تدریس میں مصروف رہتے۔ گھر کا صحن، چبوترہ، برآمدہ اور ڈیوڑھی طالبات اور کم عمر طلبہ سے بھرے ہوتے۔ بغدادی قاعدہ، قرآن مجید ناظرہ، پکی روٹی و بعض دیگر کتب کے علاوہ قرآن مجید کا بعض طالبات کو ترجمہ کا درس دینا بھی ہوتا تھا۔ گاؤں والوں کی عقیدت واحترام کا ایک منظر یہ تھا کہ عورتیں بکثرت دعا کروانے کے لئے آتیں بعض دم کروانے پر اصرار کرتیں۔ آپ کو ''بے بے جی'' کے نام سے پکارا جاتا۔ گھر میں صفائی، پکوائی، دھلائی کا سارا کام گاؤں والیاں ہی کر جاتیں اور ان میں گاؤں کے زمینداروں کی بیٹیاں نمایاں تر ہوتیں۔ تحفے تحائف لانے کا سلسلہ غیر مختتم تھا۔ جو مہمانوں کی آمد پر اور بڑھ جاتا۔ کبھی کبھار حضرت نانی جان وقت نکال کر مجھے اپنے ساتھ اپنی زمین اور فصلیں دکھانے کے لئے لے جاتیں۔ سوچتا ہوں کہ اتنے احترام اور ممنونیت کے ماحول میں مذہبی انتہا پسندی کیا رنگ دکھلا دیتی ہے۔ حضرت نانا جان کے بڑے بھائی نے بیعت کے بعد آپ سے وعدہ لیا تھا کہ تم نے جو کیا سو کیا۔ اب مجھے دعوت نہ کرنا۔ آپ نے براہ راست دعوت الی اللہ سے اجتناب کیا مگر حضرت مولوی عبداللہ سنوری کو گاؤں لے گئے۔ اپنوں کی انگیخت پر بعض غیر بھی مستعد ہوئے۔ حضرت مولوی عبداللہ سنوری اور حضرت نانا جان صاحب کو رات کی تاریکیوں میں ماچھیوں کی کانٹوں بھری لکڑیوں کے درمیان (کیکر کے ڈھینگروں کی ساحل میں) رکھ دیا۔ سحری کے وقت حضرت حافظ عبدالعزیز صاحب (والد ماجد محترم میاں عبدالسمیع نون صاحب) تہجد ادا کرنے پکی مسجد (جہاں احمدی اور غیر احمدی دونوں الگ الگ باجماعت عبادات ادا کرتے تھے) جا رہے تھے کہ راستے میں کراہوں کی آوازیں سنیں۔ صورت حال کا علم ہوا تو معاونین کی مدد سے بزرگوں کو اس تکلیف دہ کیفیت سے نکالا۔ بزرگوں کو اس تکلیف میں مبتلا کرنے والوں کا عبرتناک انجام کئی دفعہ لوگوں کا موضوع گفتگو بنتا۔ ایک دفعہ آپ کے گھر میں چوری بھی کروائی گئی۔ جنہیں پتہ چل جانے کے باوجود معاف کر دیا گیا۔ یہ لوگ بھی مختلف وقتوں میں مختلف وسیلوں سے حضرت نانی جان سے معافی طلب کرتے اور اظہار افسوس کرتے رہے۔

بزرگوں سے یہ بھی سنا کہ آخری وقت میں حضرت نانا جان نے لواحقین سے جو باتیں مناسب سمجھیں کر کے وقت دیکھا اور کہا کہ بس دس منٹ باقی رہ گئے ہیں۔ اس کے بعد آنکھیں بند کیں۔ درود شریف اور ذکر الٰہی کرتے کرتے ٹھیک دس منٹ بعد جان جان آفریں کے سپرد کر دی حضرت مولوی محمد اسماعیل صاحب ہلالپوری نے مختلف اوقات میں چار شادیاں کیں۔ جن میں سے دو بیویوں سے اولاد ہوئی۔

ایک بیوی محترمہ الٰہ بی بی صاحبہ کی اولاد حضرت مولوی محمد احمد جلیل صاحب سابق مفتی سلسلہ وناظم دارالقضاء و پروفیسر جامعہ احمدیہ، محترم مولوی عبدالکریم صاحب سابق مربی افریقہ، محترم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب، محترم چوہدری عبدالقادر صاحب، محترم عبداللطیف انور صاحب سابق امیر جماعتہائے احمدیہ سویڈن اور محترمہ حفصہ بیگم صاحبہ بیوہ محترم المقام قریشی محمود الحسن صاحب مرحوم نائب امیر سرگودھا کا ذکر الفضل شمارہ 17 جنوری 2009ء میں محترم برادرم عبدالناصر صاحب ابن محترم المقام چوہدری عبدالقادر صاحب مرحوم نے کیا ہے اور ان کی اولادوں کا بھی اجمالی ذکر کر دیا ہے۔ مگر دوسری صاحب اولاد بیوی محترمہ رسول بی بی صاحبہ کی اولاد کا ذکر بھی مناسب ہے۔

محترمہ رسول بی بی صاحبہ جن کے پاس مجھے پرائمری تعلیم کے چار برس گزارنے کا موقع ملا۔ ان کی دن کی مصروفیات کا تو پہلے ذکر ہو چکا۔ مذکورہ چار برسوں میں عشاء کی عبادت کے بعد مجھے ساتھ لٹاتیں مختلف انبیاء کے احوال و دیگر دینی باتیں سناتے سناتے سلاتیں رات کو جب بھی مجھے جاگ آتی تو وہ میرے

ساتھ ہونے کی بجائے مصلّے پر نوافل کی ادائیگی میں مصروف ہوتیں اور اکثر و بیشتر خشوع وخضوع کی حالت میں ہوتیں۔ ایسا سوز، درد، الحاح سے نوافل میں رونے والا میں نے اپنے مشاہدات میں محترم المقام والد صاحب مولوی محمد اشرف کی استثناء کے ساتھ اور کوئی نہیں پایا۔ ہونے کو تو بے شمار ہوں گے اور ہیں مگر میں اپنے مشاہدہ کی بات کر رہا ہوں حضرت نانا جان کی نانی جان مذکورہ محترمہ رسول بی بی صاحبہ سے تین بیٹیاں تھیں۔ سب سے بڑی محترمہ استانی عارفہ بیگم صاحبہ جو تحریک جدید دفتر اول کے پانچ ہزار مجاہدین میں شامل ہیں۔ لجنہ قادیان میں نمایاں کام کا موقع پایا۔ حضرت سردار کرم داد خان صاحب کہ حضرت میر محمد اسحاق صاحب کے ہم زلف تھے) کی زوجیت میں آئیں۔ دوسری بیٹی محترمہ آمنہ بیگم صاحبہ تھیں جو مکرم ومحترم قاضی عطا محمد صاحب پٹواری مال کی زوجیت میں آئیں۔ تیسری اور چھوٹی بیٹی محترمہ خدیجہ بیگم (مسرت جہاں) صاحبہ والدہ مربی سلسلہ محمد اعظم اکسیر صاحب تھیں۔ قادیان میں مدرسہ احمدیہ میں تعلیم کے دوران نانا جان نے ہمارے والد صاحب کو اپنی دامادی کا شرف بخشا۔ آپ (محترم مولوی محمد اشرف صاحب) سابق امیر جماعت احمدیہ بھیرہ رہے۔ وقف جدید میں خود کو بایں شرط پیش کیا کہ وظیفہ بے شک نہ دیں مگر تعیناتی ایسی جگہ پر ہو جہاں کوئی ہائی سکول موجود ہو۔ ہائی سکول والی جگہ پر اپنے نان ونفقہ کا انتظام کر کے گھریلو ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکیں گے۔ آپ نے اسی وقف کے دوران کلر کہار کے مقام پر تعلیم الاسلام کالج نام سے تعلیمی ادارہ کا آغاز کیا۔ اس نام کی اجازت حضرت خلیفة المسیح الثالث (غالباً ان کے خلیفہ منتخب ہونے سے پہلے) سے لی گئی۔ تینوں بیٹیاں اب بہشتی مقبرہ میں مدفون ہیں۔ نانی جان ہلاپور میں ہی امانتاً دفن ہیں البتہ ان کی یادگاری پلیٹ بہشتی مقبرہ ربوہ میں موجود ہے جبکہ نانا جان حضرت مولوی محمد اسماعیل ہلاپوری ابتدائی موصیوں میں سے تھے تینوں داماد بھی ربوہ میں مدفون ہیں۔ محترم قاضی عطا محمد صاحب عام قبرستان میں جبکہ باقی دونوں بزرگ بہشتی مقبرہ میں دفن ہیں۔

محترمہ رسول بی بی صاحبہ کی پہلی شادی نانا جان کے بڑے بھائی محترم مولانا عبدالرحیم صاحب سے ہوئی تھی۔ جن کے محترم ومکرم عبدالمجید صاحب منیب (سابق معلم اصلاح وارشاد) بیٹے ہیں۔ محترم مولانا عبدالرحیم صاحب کی وفات کے بعد آپ (حضرت مولوی محمد اسماعیل) نے محترمہ رسول بی بی صاحبہ سے شادی کر لی۔ دو بڑی بیٹیوں محترمہ استانی عارفہ بیگم صاحبہ اور محترمہ استانی آمنہ بیگم صاحبہ سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ البتہ آپ کی بیوی محترمہ رسول بی بی صاحبہ کی چھوٹی بیٹی محترمہ خدیجہ بیگم صاحبہ سے پانچ بیٹے اور سات بیٹیاں ہوئیں۔ تین بیٹیاں محترمہ مجیدہ بیگم صاحبہ، مجیدہ نسرین صاحبہ، صادقہ بشریٰ صاحبہ اور ایک بیٹا محمد امجد کم سنی میں وفات پا گئے۔ جبکہ بڑی بیٹی محترمہ خالدہ پروین صاحبہ دو سال قبل بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئیں۔ جبکہ زندہ اولاد میں سے چار بھائی اور تین بہنیں ہیں۔ محترم مولانا محمد اعظم اکسیر صاحب ہیں۔ محمد اکرم محمود معروف شاعر ہیں۔ آج کل مع اہل و عیال امریکہ میں مقیم ہیں۔ سب سے چھوٹے بھائی طاہر محمود امجد کینیڈا میں رہتے ہیں۔ خاکسار ربوہ میں مقیم ہے جبکہ تین بہنیں محترمہ نسیم اختر صاحبہ کراچی، محترمہ طاہرہ شیریں صاحبہ لاہور اور محترمہ راشدہ الطاف صاحبہ ربوہ میں مقیم ہیں۔ خدا کے فضل سے سب صاحب اولاد ہیں۔ بہن بھائیوں کی اولاد کی تعداد چوبیس ہے اکثریت بفضل اللہ تعالیٰ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہے۔

☆............☆............☆

(بقیہ صفحہ 4 کتاب کیسے بنی)

سے مصر میں رائج تھی اور مختلف پرانے آثار سے اس انداز تحریر کے کتبے وغیرہ مل رہے ہیں۔ یہ تصویری زبان تو شاید اس زمانے سے بھی پہلے مصر میں رائج ہو چکی تھی اور لمبا عرصہ جاری رہی ہے۔ یہ تحریر جس کی ہم بات کر رہے ہیں یہ ہائیروگلفکس کی نسبت بہت رواں اور عام فہم تھی۔ جیسے Heiratic کہتے تھے۔ اسی وجہ سے ہم اسے ابتدائی کتاب قرار دے رہے ہیں۔ ان تحریروں کو لکھنے کیلئے بھی لکڑی کے قلم استعمال کئے جاتے تھے۔ اور روشنائی بنانے کیلئے پانی کو کوئلے میں خوب اچھی طرح حل کر کے کالے رنگ کا محلول تیار کیا جاتا تھا۔ جس میں مختلف قسم کی گوند ڈال کر اسے دیرپا اور محفوظ بنایا جاتا تھا۔ اس سیاہی کی کوالٹی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ کئی ہزار سال گزرنے کے باوجود آج بھی اس زمانے کی تحریریں اپنے اصل سیاہ رنگ میں محفوظ ہیں اور گردشِ زمانہ نے ان پر بہت کم اثر ڈالا ہے۔

